رہبر معظم کی موجودگی میں حسینیہ امام خمینی (رہ) میں عزاداری - 22 /Sep/ 2008

حسینیہ امام خمینی (رہ) میں رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی موجودگي میں ابوالآئمہ ، وصی پیغمبر اسلام (ص) امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام کے یوم شہادت کی مناسب سے مجلس عزا منعقد ہوئی جس میں عوام کے مختلف طبقات نے شرکت کی ۔ مجلس عزا سے قبل عزاداروں نےنماز ظہر و عصر رہبر معظم انقلاب اسلامی کی امامت میں ادا کی ۔عزاداروں نے حضرت علی (ع) کی مظلومانہ شہادت پر آنسو بہائے اور ماتم کیا۔

واضح رہے کہ حسینیہ امام خمینی (رہ) میں حضرت علی علیہ السلام کی شہادت کے سلسلے میں انیس ، بیس اور اکیس رمضان المبارک کومجالس عزا کا انعقاد کیا گیا۔